© rasailojaraid.com



قوم کو میں دعوت فکر دیتا ہوں - میری سوچ کا یہ نتیجہ واقعی بڑا ناخوشگوار ہے - مگر مایوس کن نہیں - کیوں کہ اسلامی قانون جلد یا بدیر اینگلو پاکستانی قانون کی لرزاں عمارات کی جگہ لے سکتا ہے - علماء اور مفکرین کو اس مقصد کے حصول کے ہمہ گیر کوشش شروع کر دینی چاہیئے -

[ انتخاب از ہفت روزہ ''لولاک'' لائل پور
۴ جون ۱۹۶۵ء ]

# ISLAMIC METHODOLOGY IN HISTORY

# اسلامی منہاج کی تاریخ

از

## ڈاکٹر فضل الرحمن

ایم - اے - ڈی فل (آکسفورڈ)

قرآن ، سنت ، اجتہاد اور اجماع صرف فقہ کے اصول اربعہ نہیں ، بلکہ تمام فکر اسلامی کی اساس بھی یہی چار اصول ہیں - تاریخ اسلام بالخصوص اس کے قرون اولی میں ان اصولوں کا کیسے اطلاق کیا گیا - اور مختلف حالات اور زمانوں میں ان کے تحت افکار اسلامی کیسے ارتقا پذیر ہوتے رہے - یہ ہے اس کتاب کا موضوع -

قرن اول میں سنت ، اجتہاد اور اجماع سے کیا مراد لیا جاتا تھا؟ نیز سنت کیا ہے اور حدیث کیا ؟ کتاب میں اس بنیادی مسئلے پر عالمانہ اور محققانہ نقطہ نظر سے بحث کی گئی ہے - فکر اسلامی کے ابتدائی تشکیلی دور کے بعد کے تغیرات پر بھی محاکمہ کیا گیا ہے - اس سلسلے میں اجماع پر بڑی تفصیل سے بحث ہے ، کتاب میں صرف اسلامی فکر اور اسلامی فقہ کی تشکیل اور اس کے ارتقا کا ہی تاریخی تنقیدی جائزہ نہیں لیا گیا ، بلکہ عہدحاضر میں ان اصول اربعہ کی روشنی میں اپنے جملہ مسائل کو مسلمان کس طرح حل کر سکتے ہیں ، اس کی بھی نشان دہی کی گئی ہے -

یہ کتاب اسلامی افکار کے مطالعہ کا ایک نیا باب واکرتی ہے - اس میں فکر اسلامی کے ارتقا کو ایک ایسے نقطۂ نظر سے دیکھا گیا ہے جو تاریخی شعور کا حامل اور تعمیری امکانات کی راہ سجھانے والا ہے -

اسلام کے اس خاص موضوع پر یہ اپنی قسم کی واحد کتاب ہے -

**قیمت : آٹھ روپے**

شعبہ اشاعت ، مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی
حیدر علی روڈ - پوسٹ بکس ۳۵ ، کراچی - ۵

© rasailojaraid.com